چہل کاف

اکابرین کے مجربات



ادارہ روحانیات
لاہور پاکستان

روحانی معالج | پیر طریقت | ماہر عملیات
حافظ محمد عثمان

0300-8440979
0334-8440978
0313-8440879
0346-8440999

رہائش: نزد ڈیرہ اختر حسین کماہاں روڈ چونگی امر سدھو لاہور
idara rohaniyat
idara rohaniyat

شجرہ طریقت

سید المرسلین و خاتم النبیین
سیدنا و حبیبنا و نبینا و مولانا
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خلیفہ راشد	سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ	شہادت ۱۸ رمضان المبارک ۴۰ھ کوفہ
امام التابعین	حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۱۱۰ھ نامعلوم
حضرت خواجہ	عبدالواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۱۷۷ھ بصری
حضرت خواجہ	فضیل بن عیاض تمیمی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۱۸۷ھ مکہ مکرمہ
حضرت خواجہ	سلطان ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۱۶۲ھ شام
حضرت خواجہ	سدید الدین حذیفہ مرعشی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۲۰۷ھ نامعلوم
حضرت خواجہ	امین الدین ابو ہبیرۃ بصری رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۲۸۷ھ بصری
حضرت خواجہ	کریم الدین علو ممشاد دینوری رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۲۹۹ھ دینور
حضرت خواجہ	شرف الدین ابو اسحٰق چشتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۳۲۹ھ عکہ شام
حضرت خواجہ	ابو احمد ابدال چشتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۳۵۵ھ چشت
حضرت خواجہ	محمد بن ابی احمد حسنی چشتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۴۱۱ھ چشت
حضرت خواجہ	ناصر الدین سید ابو یوسف حسنی چشتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۴۵۹ھ چشت
حضرت خواجہ	قطب الدین مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۵۲۷ھ چشت
حضرت خواجہ	نیر الدین شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۱۲ھ شام فی قول اجمیر شریف
حضرت خواجہ	ابو النور عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۱۷ھ مکۃ المکرمہ
حضرت خواجہ	معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۳۳ھ فی قول اجمیر شریف
حضرت الشیخ	قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۳۴ھ دہلی
حضرت الشیخ	فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۶۴ھ پاک پتن پاکستان
حضرت خواجہ	علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ	وفات ۶۹۰ھ کلیر ہند
حضرت الشیخ	شمس الدین ترک پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] پانی پت

کبیر الاولیاء	حضرت شیخ جلال الدین محمد بن محمود رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] پانی پت ہند
حضرت الشیخ	احمد عبدالحق رودولوی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] رودولی شریف ہند
حضرت الشیخ	عارف بن شیخ احمد عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] رودولی شریف ہند
حضرت الشیخ	محمد بن شیخ عارف رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] شاہ آباد ہند
حضرت الشیخ	حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] گنگوہ شریف
حضرت الشیخ	جلال الدین عمری تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible]
حضرت الشیخ	نظام الدین عمری تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] بلخ
حضرت الشیخ	شاہ ابو سعید نعمانی گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] گنگوہ شریف
حضرت الشیخ	خواجہ محب اللہ الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] الہ آباد ہند
حضرت الشیخ	مکی محمد شاہ جعفری رحمۃ اللہ علیہ	وفات نامعلوم [illegible] امروہہ
حضرت الشیخ	سید محمدی اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] امروہہ ہند
حضرت الشیخ	سید عضد الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] امروہہ ہند
حضرت الشیخ	عبدالہادی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] امروہہ ہند
حضرت الشیخ	شاہ عبدالباری صدیقی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] امروہہ ہند
حضرت الشیخ	شاہ عبدالرحیم فاطمی رحمۃ اللہ علیہ	شہید بالاکوٹ [illegible]
حضرت اقدس	میاں نور محمد جھنجھانوی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] جھنجھانہ ہند
سید الطائفہ	اعلیٰ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] مکہ مکرمہ
قطب الارشاد امام ربانی	حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] گنگوہ شریف ہند
رئیس المحدثین	حضرت اقدس مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] مدینہ منورہ
شیخ الحدیث	حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] مدینہ منورہ
جامع شریعت و طریقت مرشد کامل	حضرت مولانا شیخ عبدالحفیظ مکی رحمۃ اللہ علیہ	وفات [illegible] مکہ مکرمہ

الشیخ حضرت
پیر طریقت
شکیل اختر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

خانقاہ حفیظیہ مکیہ
سیٹھی ٹاؤن حاجی کیمپ پشاور

یہ قربِ قیامت کا وقت ہے اس دور میں ہماری بد اعمالیوں اور اعلانیا گناہوں کی وجہ سے شیاطین جنات، جادو وغیرہ دندناتے پھر رہے ہیں۔ ہر گھر میں کوئی نہ کوئی مسئلہ ضرور ہے۔ بالخصوص، جادو، جنات، بیماری، بے سکونی، لڑائی جھگڑے، بچوں کے رشتوں کا مسئلہ، کاروباری مسائل، بچیوں کے جناتی زنا، بندش اور پہ در پہ مسائل سامنے آ رہے ہوتے ہیں، اس کیلئے بغیر تحقیق اور تشخیص کئے لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وظائف پہ وظائف کرتے جا رہے ہیں۔ اور مزید ان وظائف کی وجہ سے مصیبتوں اور بندشوں میں جھکڑے جا رہے ہیں۔ چونکہ جادو جنات کا وجود ہے۔ اور اس کا ثبوت قرآن میں موجود ہے۔ اس لئے اس کا علاج بغیر عملیات ممکن نہیں ہے۔ لہذا اس دور میں تقریباً ہر گھر کے ایک فرد کو جادو اور جنات کا علاج اور توڑ سیکھنا ضروری ہے۔ اس شعبے میں غلط لوگ زیادہ ہیں جو عوام کا پیسہ اور ایمان دونوں ضائع کر رہے ہیں۔ لہذا ہر گھر کے ایک فرد کو اس قدر روحانی معالج ہونا چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں کے روحانی علاج اور روحانی مسائل کیلئے کسی کے پاس نہ جائے۔

ہم الحمدللہ اپنے عمل (چہل کاف) کی بدولت ہزاروں لوگوں کو اس قابلکر دیا ہے۔ کہ اب ان کو روحانی علاج کیلئے در در کی ٹھوکریں نہیں کھانا پڑتیں، پہلے کچھ دن ہم اپنی نگرانی میں ان سے علاج کرواتے ہیں تا کہ وہ اپنے گھر، کاروبار اور فیملی کا علاج کرنا سیکھ جائے وہ اس قابل ہو جائیں کہ آئندہ کبھی زندگی میں ان کو یا ان کی فیملی کو کو مسئلہ بنے تو وہ خود علاج کرسکیں۔

چہل کاف بہت سے سلاسل میں سیکھایا اور پڑھا جاتا ہے۔ بلکہ اب تو سوشل میڈیا پر لوگ مفت بانٹ رہے ہیں۔ لیکن ان کے جنات سے رابطہ کوئی نہیں کرواتا۔ نہ ہی کوئی ڈائرکٹ جنات سے کام لینے کا طریقہ بتاتا ہے۔ ہم چونکہ علاج کی وجہ سے چہل کاف مریض کو دیتے ہیں اس لئے اس پیچھے جو روحانی مخلوق ہے اس نیٹ ورک میں اجازت یافتہ کا نام لکھوا دیتے ہیں۔ اور اجازت یافتہ کو طریقہ بتا دیتے ہیں۔ جب بھی اس کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے وہ ان سے رابطہ کرسکتا ہے اور مسائل حل کروا سکتا ہے، اس پیچھے غیبی طور پر جنات کام کرتے ہیں۔ جن کی نظر کھلی ہوتی ہے ان کو نظر بھی آتے ہیں یہ جادو جنات کے علاوہ تقریباً تمام دنیاوی امور میں معاونت بھی کرتے ہیں۔ جتنی اللہ چاہیں۔

چہل کاف حضرت عبد القادر جیلانیؒ سے منقول و منصوب ہے۔ جس کی تفصیل آگے بتائی گئی ہے۔ عموماً جس پر اثرات ہوں یا جادو ہو اس کا کوئی بھی عمل یا وظیفہ کام نہیں کرتا، ہمارا دیا ہوا چہل کا الحمد للہ ان کے ساتھ بھی کام کرتا ہے اور اس کے اثرات وہ اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔

اس عمل سے بہت سے عاملین بڑے بڑے جنات اور جادو کا علاج اور اس کی کاٹ کرتے ہیں۔ انھوں نے اس عمل بڑے بڑے چلے کئے ہوتے ہیں لیکن ہم چونکہ مریض یا معالج سے نقد ہدیہ یا صدقہ پہلے ہی وصول کر لیتے ہیں اس لئے ان کو ریاضت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہاں اگر وہ اس عمل کی طاقت بڑھانا چاہیں تو ہم اس کی چلہ کشی بھی کرواتے ہیں۔ ہمارے ہاں نقد ہدیہ یا صدقہ قائم مقام بنیادی زکوۃ کے ہوتا ہے۔

جو نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لیتا ہے اس کو تحریری اجازت نامہ دیا جاتا ہے۔ اس سے پھر اس کے گھر، کاروبار اور فیملی کا علاج اپنی نگرانی میں کرواتے ہیں اگر ضرورت پڑے تو روحانی طور پر خود بھی بلا معاوضہ مدد فراہم کرتے ہیں اور اس کو آئندہ کیلئے تیار کر دیتے ہیں۔ تا کہ زندگی میں اس کو علاج کیلئے کسی کے پاس نہ جانا پڑے۔ یہ عمل بہت مشہور اور نایاب ہے بڑے بڑے علمائے کرام اور مشائخ عظام کا معمول رہا ہے۔

نوٹ: ہمارے ہاں جنات (موکلات) تابع کرنے کا کوئی عمل نہیں کروایا جاتا۔ جنات تابع کرنا شرعاً منع ہے۔

چہل کاف کے اجازت یافتہ کیلئے ضروری ہدایات:

- نقد ہدیہ ادا کرنا ایسا ہے جیسے آپ نے بنیادی چلہ کشی کر لی ہے۔
- چہل کاف لینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ کا گھر، کاروبار اور فیملی تمام بد اثرات سے محفوظ رہے۔ اس کیلئے چند ہدایات پر عمل کریں سب سے پہلے یہ بات یاد رکھیں جنات ختم ہو جاتے ہیں نگران کی نحوست اور بد اثرات وقت اور آپ کی محنت سے جاتے ہیں۔
- عموماً دیکھا گیا ہے مریض لمبا مرض برداشت کر لیتا ہے مگر لمبا علاج برداشت نہیں کرتا۔
- تحریری اجازت کے بعد میں جنات اجازت یافتہ کے ساتھ غیبی تعاون شروع کر دیتے ہیں مغرب کے بعد حاضری لگوانا ضروری ہے۔ اگر مسلسل 21 دن تک حاضری نہ لگوائی جائے تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

- اپنی، اپنے اہل خانہ اور کاروباری جگہ کی کم از کم ہفتے میں ایک مرتبہ تشخیص ضرور کریں۔

شروع میں نظر بد کا علاج مستقل کریں بعد از اں ہفتے میں ایک مرتبہ۔

گھر اور کاروباری جگہ پر شروع میں روزانہ تین چکر ضرور لگائیں بعد از اں مشورہ کرلیں۔

- روزانہ صبح شام حصار ضرور کریں اور رات کو سونے سے پہلے تمام اہل خانہ کو دم ضرور کریں۔
- کاروباری حضرات دشمن سے حفاظت، رزق اور تسخیر والے اعمال کی پابندی ضرور کریں۔
- جن پر بار بار جادو ہوتا ہے وہ چہل کاف کے ساتھ ساتھ ہدیہ ادا کرکے واپسی سحر کا عمل بھی لیں۔
- جو ساتھی اس عمل کی طاقت کو بڑھانا چاہتے ہیں وہ اس عمل کی اجازت لے کر چلہ کشی کریں
- جو ساتھی جنات کو چھوٹے چھوٹے کام کہتے ہیں اور ان پر حکم چلاتے ہیں جنات ان کو بہت جلد چھوڑ جاتے ہیں۔
- یاد رکھیں اگر آپ اپنی فیملی سے باہر کسیکو بھی دم کریں گے تو اس کے اثرات آپ اور آپ کی فیملی پر ضرور آئیں گے۔

ادارے کی طرف سے علاج میں معاونت کیلئے مختلف اعمال کی اجازت اور چلہ کشی کروائی جاتی ہے

چند اعمال کی تفصیل

چہل کاف، چہل کاف با موکل، آیت قطب، اٰمنت باللّٰہ نورانی مندرا، مندرا کبیر قرآنی حصار، حصار خاص، حب کے اعمال، منزل، واپسی سحر، سورۃ مزمل، ہانڈی کے اعمال، حزب البحر، حزب النصر، معوذتین، سورۃ الرحمن، سورۃ الجن، سورۃ یٰسین، سورۃ القریش، آیت الکرسی، سورۃ الفاتحہ، تسخیر خلائق

مریض کی تشخیص کرنے طریقہ

جو ساتھی تشخیص کو اہمیت نہیں دیتے، یا بغیر روحانی تشخیص کے علاج کرتے ہیں وہ علاج میں اکثر ناکام رہتے ہیں۔ جب بھی کوئی مسئلہ آئے سب سے پہلے تشخیص کریں صحیح تشخیص ہی صحیح علاج کی طرف لے کر جاتی ہے۔ اس لئے تشخیص پر محنت کریں۔

رات کو صاف (دھلے ہوئے) کپڑے پہن کا سو جائیں (بغیر بنیان کے) یعنی جسم کے ساتھ جو کپڑا لگے۔ اس کو کسی جگہ پر سیدھا لٹالیں اور اور کی طرف دل کی سائیڈ سے بالشت سے کپڑے پر لشان لگائیں۔ تین بالشت تین نشان، پھر سات مرتبہ سات سلام پڑھ کر تینوں خانوں پر دم کریں (پھونک ماریں) دوبارہ پیمائش کریں۔ جو رزلٹ آئے اس کو نوٹ کرلیں۔ دوبارہ سات مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ اور رزلٹ نوٹ کرلیں، آگر نشان آگے چلا جائے (یعنی کپڑا بڑھ جائے) تو جنات ہیں۔ اگر نشان پیچھے یعنی کپڑا کم ہوجائے تو جادو ہے، اور اگر نشان آدھا انچ کم یا زیادہ ہوجائے تو جنات موجود ہیں ورنہ اثرات۔

جگہ کی تشخیص کرنے کا طریقہ:

ا۔ گھر کے جتنے کمرے، باتھ، کچن، چھت، صحن، سیڑھی، گیلری مطلب تمام جگہوں کے مطابق سفید سوتی کپڑا لیں۔ اس کے تقریباً 3x18 انچ کے پیس کاٹ لیں۔ ان کو رات تمام کمروں میں رکھ دیں۔ رکھنے سے پہلے اس کپڑے کو دیواروں اور کونوں سے مس کرلیں، صبح اس کی مندرجہ بالا طریقے سے تشخیص کریں۔

۲۔ سکیل کی مدد سے کمرے کی کسی دیوار پر دو نشان لگائیں اس پر دم کریں گے تو بھی تشخیص ہو جائے گی۔

طریقہ علاج بذریعہ دم:

پینے والا پانی، سرسوں/کوئی بھی تیل، آٹا، نمک، چینی، پتی اور اگربتی وغیرہ پر روزانہ دم کریں۔ پانی روزانہ پیئں، سارے گھر اور کاروباری جگہ پر علاوہ باتھ روم سپرے کریں بلاناغہ۔

طریقہ علاج بذریعہ جنات:

مخصوص تعداد میں چہل کاف پڑھ کر ادب سے پیغام لگادیں۔ (یہ طریقہ بہتر نہیں)

مکمل علاج مریض اور گھر

ادارے سے نقوش منگوالیں۔ نہانے والے، پینے والے، جسم پر مل کے جلانے والے، چراغ کی مختلف بتیاں، تیل، پانی، دھونی، اگربتی، واپسی سحر اور حفاظت کے نونقوش وغیرہ اجازت کے ساتھ صرف اجازت یافتہ کا علاج دیا جاتا ہے باقی تمام افراد کا علاج نقد ہدیہ ادا کر کے منگوائیں۔

تشخیص میں اگر پہلے خانے میں فرق آئے تو اس کا طریقہ علاج:

بڑا گوشت بغیر ہڈی اور بغیر چربی کے اپنے اور اہل خانہ کے سر سے الٹا 7 مرتبہ وار کے ویرانے میں رکھیں یا پانی میں بہادیں۔ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ 34 کے تعویذ پورے جسم پر مل کے جلائیں دن میں 2 سے 5 مرتبہ۔ تیل کی مالش کریں۔ نیلی بتی سونگیں۔ غسل کریں۔ چراغ دیکھیں۔ ہانڈی کا عمل کریں یا سندر میں نہائیں۔

تشخیص میں اگر دوسرے خانے میں فرق آئے تو اس کا طریقہ علاج:

گوشت صدقہ کریں۔ دم والی تمام اشیا کا استعمال کریں۔ دم والا پانی زیادہ سے زیادہ پیئیں۔ نقوش والا پانی پیئیں۔

تشخیص میں اگر تیسرے خانے میں فرق آئے تو اس کا طریقہ علاج:

گوشت صدقہ کریں۔ نقش والے پانی سے غسل کریں۔ نقش والے پانی سے استنجا کریں۔ 34 کے نقش مل کے جلائیں۔ تیل کی مالش کریں۔ دم والا صابن استعمال کریں۔ سمندر میں نہائیں۔ دھونی والا نقش استعمال کریں

اگر تشخیص میں کچھ نہ آئے تو نظر اتاریں اور جسمانی علاج کروائیں۔

گھر میں اگر اثرات ظاہر ہوں تو اس کا علاج

گھر میں زیادہ سے زیادہ چکر لگائیں۔ اگر بتی لگائیں، دھونی دیں۔ پانی کا سپرے کریں۔ نقش والے پانی سے سارا گھر اور باتھ روم دھوئیں۔

چہل کاف سے مختلف بیماریوں اور مسائل کا علاج کرنے کا طریقہ:

جملہ حاجات (دینی ودنیاوی)

ہر روز نیت کر کے 41 مرتبہ چہل کاف پڑھیں 41 دن تک جمیع حاجات کیلئے کافی ہے۔

زبان بندی:

کسی حاسد کی زبان بندی کیلئے 11 مرتبہ روزانہ 11 دن تک زوال کے وقت پختہ تصور کر کے چہل کاف پڑھیں۔ انشاءاللہ حاسد کی زبان بند ہوجائے گی۔ افراد کی صلح کیلئے بھی یہی عمل کریں۔

سر درد کیلئے:

اگر سر کا درد ہمیشہ رہتا ہو اور کسی دوا یا علاج سے افاقہ نہ ہو تو کسی بھی قمری مہینے کے آخری بدھ کو سفید کاغذ پر کسی بھی سیاہی سے چہل کاف معہ بسم اللہ لکھ کر ٹوپی میں رکھیں عورتیں بالوں کی چوٹیہ میں رکھیں۔ اس کا بہترین وقت سفر کے مہینے کا آخری بدھ ہے۔ باقی کسی بھی مہینے میں لکھ سکتے ہیں۔

پیٹ کا درد:

نمک اور مریض پر 7-7 کے سات دم کریں اور نمک مریض کو کھلا دیں اسی وقت فائدہ ہوگا۔

برائے غلبہ گناہ (نفس وشیطان)

اگر کسی کو وسوسے آتے ہوں وہ اس سے حفاظت کیلئے 21 مرتبہ زیتون کے تیل پر دم کر کے صبح شام ناف میں اور سر پر لگائے۔

دفع آفات:

صبح شام (طلوع وغروب آفتاب کے وقت) 7 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر اپنے او پر دم کرے۔

بینائی چشم:

آنکھوں کے جملہ امراض کیلئے شب جمعہ یعنی جمعرات کی رات عرق گلاب 41 مرتبہ چہل کاف پڑھ پردم کریں اور اگلے جمعہ تک روزانہ رات کو آنکھوں میں ڈالیں فادہ ہوگا۔

گھریلو لڑائی جھگڑوں کیلئے:

چہل کاف معہ بسم اللہ لکھ کر پنکھے پر لگا دیں جب سب اس پنکھے کے نیچے ہوں تو پنکھا چلا دیں ان افراد میں اختلاف ختم ہو جائے گا۔

برائے بہتری روزگار:

نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ روزانہ روٹی پر چہل کاف لکھ کر کھائیں اور ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھیں۔ رزق میں بے انتہا برکت ہوگی اگر کوئی بندش ہوئی تو وہ بھی کھل جائے گی۔

معاشرے میں عزت کیلئے:

روزانہ صبح طلوع آفتاب سے پہلے پانی یا عرق گلاب پر 7 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں اور پاک جگہ پر منہ دھولیں پانی گٹر میں نہ جائے۔ جو دیکھے گا عزت کرے گا۔

حشرات ختم کرنے کیلئے:

اگر گھر یا کاروباری جگہ پر حشرات الارض زیادہ ہوں اور ان سے نقصان کا اندیشہ ہو تو 40 کنکریاں لیں ہر کنکری پر 1 مرتبہ چہل کاف پڑھیں اور چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔

اولاد کیلئے:

ا۔ سات چھواروں پر 7-7 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ فراغت حیض کے بعد ان تمام چھواروں آدھا کلو دودھ میں اتنا پکائیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے۔ میاں بیوی آدھا آدھا دودھ پی لیں اور چھوہارے بھی کھالیں، ایک دو یا تین ماہ یہ عمل کریں انشاءاللہ چوتھے تک بات نہیں جائے گی۔ ڈاکٹری رپورٹ صحیح ہونے کے بعد اور ہر قسم کے اثرات ختم کرنے کے بعد یہ عمل کریں۔



سقر اطِ حمل

سات عدد سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے چہل کاف لکھیں اور فراغت حیض کے بعد ایک کاغذ پانی میں گھول کر پلائیں۔ جب حمل ٹھہر جائے تو عورت کے پاؤں کے ناخن سے پیشانی کے بالوں تک سات عدد ریشمی کالے دھاگے ناپ لیں۔ اس پر گیارہ گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر 7 مرتبہ چہل کاف پڑھیں اس دھاگے کو عورت کے پیٹ پر ناف کے نیچے باندھ دیں۔ اس کی برکت سے حمل محفوظ ہوگا اور بچہ صحت مند پیدا ہوگا۔ جب بچہ پیدا ہو جائے۔ تو یہ دھاگہ اس کے گلے میں ڈال دیں۔ جب دھاگہ گل جائے تو اس دھاگے کو پاک زمین میں دفن کر دیں۔

قید سے رہائی کیلئے:

گندم کی روٹی پر کالی سیاہی سے چہل کاف لکھ کر قیدی کو کھلائیں۔ اگر قیدی کو کھلانا ممکن نہ ہو تو روٹی پر چہل کاف لکھنے کے بعد نیچے قیدی کا نام معہ والدہ لکھ کر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پرندوں کو کھلا دیں۔ چند دن۔ انشاءاللہ قیدی رہا ہو جائے گا۔

مقدمے کی فتح یابی کیلئے:

7 مرتبہ چہل کاف گھر سے پڑھ کر نکلیں۔ 7 مرتبہ راستے میں پڑھیں۔ 7 مرتبہ کچہری میں پڑھیں۔ 7 مرتبہ کمرہ عدالت میں پڑھیں انشاءاللہ فتح ہوگی۔

حفاظت سفر کیلئے:

سفر پر نکلنے سے پہلے 7 مرتبہ چہل کاف پڑھ لیں

مرگی کے خاتمے کیلئے:

منگل کے دن بکری کے خون سے برگ پیپل پر چہل کاف لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ روزانہ 7 مرتبہ چہل کاف پڑھ پانی پر دم کر کے پلائیں

تپ دق کے خاتمے کیلئے

سفید چینی کی پلیٹ پر لال سیاہی سے چہل کاف لکھ کر روزانہ پلائیں۔

جوڑوں کے درد کیلئے:

زیتون یا سرسوں کے تیل پر 21 مرتبہ چہل کاف دم کر کے مساج کریں۔

چہرہ پر کشش بنانے کیلئے:

شب جمعہ گلاب کے 7 پھول لائیں۔ ہر پھول پر 10 مرتبہ چہل کاف دم کریں ان تمام پھولوں کو پانی میں ڈال کر رکھ لیں روزانہ اسی پانی سے چہرہ دھوئیں۔ 7 دن بعد دوبارہ یہی عمل کریں۔ کیل مہاسے دور ہوں گے، الرجی ختم ہوگی۔ چہرہ پر کشش ہوگا۔ اس پانی سے غسل کرنا فائدے مند ہے۔ تمام بد اثرات بھی ختم ہوجائیں گے۔

موتیے کا علاج:

خالص عرق گلاب پر روزانہ 7 مرتبہ چہل کاف دم کریں رات سوتے وقت آنکھوں میں ڈالیں 1 ہفتے میں فرق پڑنا شروع ہوجائے گا۔ جب تک مکمل ٹھیک نہ ہو عمل جاری رکھیں

سکری، انتوں اور معدے کی خشکی کا خاتمہ

کسی لال کاغذ پر کالی سیاہی سے چہل کاف لکھ کر صبح نہار منہ کاغذ کو دھو کر پییں۔

آنکھوں کی جلن اور سرخی ختم کرنے کیلئے

ہر نماز کے بعد 1 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں۔

دشمن کیلئے:

کچی اینٹ پر دشمن مع والدہ کا نام لکھیں اس پر 35 مرتبہ چہل کاف موکل پڑھ کر دم کریں۔ پڑھ کر دم کریں۔ اس اینٹ کو دشمن تصور کریں اور اس پر کفن لپیٹ دیں۔ اس پر نماز جنازہ ادا کریں اور اسے کسی قبرستان میں دفن کردیں۔

دشمن کو مارنے کیلئے:

سیسے کی تختی پر دشمن کا نام مع والدہ لکھیں اس کے چاروں طرف چہل کا مفرد حروف میں لکھیں اس کی تختی کو کوری ہانڈی میں ڈال کر سہ روز بعد بعد نماز ظہر 70 مرتبہ اس پر چہل کاف پڑھیں آخری روز اس پر کالا کپڑا لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں دفنا دیں۔

زیادتی دودھ مویشیاں:

جانوروں دودھ نہ دیتا ہو یا تھوڑا دیتا ہو۔ گیارہ مرتبہ چہل کاف پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پانی پردم کریں۔ پانی جانوروں کے منہ، سر اور نتھنوں پر ملیں اور اور باقی پانی پلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا اور جانور سرکشی بھی نہ کرے گا۔

جنات کے خاتمے کیلئے:

34 کا نقش تیل میں ڈالیں اور تیل پر چہل کاف 41 مرتبہ دم کریں۔ مریض کے بدن پر تیل کی مالش کریں۔ اگر دوران مالش جلنے کی بُو آئے یا مریض کو الٹی وغیرہ ہو تو مالش نہ روکیں۔ دونوں کانوں میں 2-2 قطرے ڈالیں سات روز تک ایسا ہی کریں بہت جلد شفا ہو جائے گی۔

بواسیر، جوڑوں کا درد کیلئے:

ہرن کی جھلی پر چہل کاف لکھ کر گلے میں ڈال لیں اور سفید روغنی کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر روزانہ دھو کر پیئیں۔

برائے مطلوب:

چہل کاف مشک و زعفران سے لکھ کر نیچے طالب و مطلوب کا نام لکھ کر مطلوب کے راستے میں دفن کردیں

برائے خاتمہ اثرات:

7 عدد لیموں لیں ہر ایک لیموں پر 21 مرتبہ چہل کاف دم کریں۔ مریض کے سر سے 7 مرتبہ الٹا واریں اور مریض کے سر پر رکھ کر کاٹ دیں اسی طرح تمام لیموں کاٹ کر گھر سے باہر پھینک دیں۔

7 عدد کالی مرچیں لیں ہر ایک مرچ پر 21 مرتبہ چہل کاف دم کریں۔ مریض کے سر سے 7 مرتبہ الٹا واریں اور ایک ایک کر کے مرچ کو چولہے پر جلا دیں۔ یہ عمل سخت ہے اس میں احتیاط ضروری ہے

بدن سے جنات کا نکالنے کا عمل:

تھوڑی سی دال ماش لے کر اس پر 40 مرتبہ چہل کاف پڑھ دم کریں اور مریض کو دھونی دیں جنات فوراً مریض سے نکل جائیں گے۔

گھر سے جنات کو نکالنے کا عمل

اگ کسی جگہ پر جنات کی رہائش یا ڈیرہ ہوتو اور اہل خانہ کو تنگ کرتے ہوں تو یہ چیزیں پنسار سے ہم وزن لیں۔ چرائتہ، تمبا کو ہرمل، صندل سرخ اور لوبان کوڑی پر 60 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں اور روزانہ بوقت طلوع آفتاب دھونی دیں۔ جنات جگہ چھوڑ جائیں گے۔



کمر درد کیلئے:

بھوج پتر پر چہل کاف لکھ کر کمر پر باندھیں۔

امراض گردہ کیلئے:

نقش بدوح لکھ کر اس کے چاروں طرف چہل کاف لکھیں اس کو گردوں کے درمیان باندھیں۔

دردِ دل کیلئے:

اگر کسی کو دل میں درد ہو تو اس کو 7 دن تک روزانہ بوقت صبح جَو کی روٹی پر 1 مرتبہ چہل کاف لکھ کر روٹی کھلا دیں

دفع افلاس کیلئے:

روزانہ چہل کاف مع بسم اللہ روٹی پر لکھ کر کھائے۔ بحکم خدا تنگدستی فراخ دستی میں بدل جائے گی۔ اور رزق میں کشادگی ہو جائے گی

ٹی بی کا علاج

سوا کلو باجرے پر 41 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں دم شدہ باجرے کا آٹا بنائیں۔ مریض کو روزانہ نہار منہ اس آٹے کی روٹی بنا کر کھلائیں انشاءاللہ 3 یا 7 روز میں ٹی بی سے نجات مل جائے گی